★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 268 بروز جمعہ 26 جون 2026ء 10 محرم الحرام 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

خضدار کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو زخمی کردیا

کوئٹہ (آن لائن) خضدار کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو زخمی کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خضدار کے علاقے نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے سکندر علی نامی شخص کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ مزید کارروائی خضدار انتظامیہ کررہی ہے۔

کوہلو، بارش کے باعث دیوار گرنے سے خاتون جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو کے علاقے میں بارش کے باعث دیوار گرنے سے خاتون جاں بحق ہوگئی اور متعدد کچے مکانات اور دیوار کو نقصان پہنچا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب بلوچستان کے علاقے کوہلو میں شدید بارش کے باعث نواحی علاقے میر ہزار روڈ میں دیوار گرنے سے ایک خاتون جاں بحق ہوگئی شدید بارش کے باعث متعدد کچے مکانات اور دیوار کو نقصان پہنچا۔

صدر مملکت آصف علی زرداری نے فنانس بل 2026 کی منظوری دیدی

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے فنانس بل 2026 کی منظوری دیدی ہے اور صدر کا دستخط شدہ بل واپس وزارت پارلیمانی امور کو موصول ہوگیا ہے۔ صدر کی منظوری کے بعد فنانس ایکٹ یکم جولائی 2026 (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

ایران کیخلاف جنگ میں نیٹو نے مایوس کیا، یورپ نے بھی ساتھ نہیں دیا: امریکی صدر کا شکوہ

واشنگٹن (آن لائن) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران معاہدے کے نتیجے میں بہت بڑی رعایتیں دے رہا ہے اور امریکا جیت رہا ہے۔ نیٹو چیف کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ نیٹو نے ایران کیخلاف جنگ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

جمہوریت شہریوں اور منتخب عوامی نمائندوں کے درمیان ایک زندہ مکالمہ کا نام ہے، گورنر جعفر مندوخیل

کراچی / کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جمہوری نظام ہی جمہور کی حقیقی حکمرانی کا ضامن ہے جہاں وسیع تر معاشی اور معاشرتی اشتراک ایک زیادہ منصفانہ اور مساویانہ معاشرے کے قیام کی راہ ہموار کرتا ہے۔ جمہوریت حقوق و فرائض (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

آج کے دن ہمیں اس عزم کی تجدید کرنی چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے میں امن، رواداری، بھائی چارے اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے، میر سرفراز بگٹی

یوم عاشور اتحاد، اخوت، برداشت اور باہمی احترام کے فروغ کا دن ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

قانون نافذ کرنے والے ادارے، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکمے عوام کی جان و مال کے تحفظ اور مجالس و جلوسوں کے پرامن انعقاد کے لیے بھرپور ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم عاشور کے موقع پر حضرت امام حسین اور ان کے جانثار رفقاء کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقع کربلا حق، صداقت، عدل، صبر اور استقامت کا وہ لازوال پیغام ہے جو رہتی دنیا تک انسانیت کی رہنمائی کرتا رہے گا اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حضرت امام حسین؟ نے دین اسلام کی سربلندی، حق کی بالادستی اور ظلم و جبر کے خلاف جس بے مثال جرات اور استقامت کا مظاہرہ کیا، وہ پوری امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔ کربلا کا واقعہ ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ باطل قوتوں کے سامنے سر جھکانے کے بجائے حق اور انصاف کے لیے ہر قربانی دینے کا حوصلہ پیدا کیا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

استنبول: پاکستان اور ترکیہ کے توانائی شعبے کے اداروں کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کے تین مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کے بعد گروپ فوٹو

پاکستان دنیا میں 'پیس میکر' بن چکا، اب معاشی قوت بننا ہدف ہے ہم امن پسند ملک ہیں، پاکستان کو تنہا کرنے کا خواب دیکھنے والوں کو رسوائی کا سامنا ہے

داتا گنج بخشؒ کے مزار کی تاریخ کی سب سے بڑی توسیع کا منصوبہ جاری، سہرا مریم نواز شریف کو جاتا ہے پاکستان امن کا علمبردار بن گیا، میڈیا سے گفتگو

بری نگاہ سے دیکھنے والے کی آنکھیں نکال دیں گے

اسحاق ڈار

ملک نے میزائل پروگرام میں بھی نمایاں کامیابیاں حاصل کیں اور اب وقت آگیا ہے کہ پاکستان کو ایک مضبوط معاشی قوت بنایا جائے، عرس کی تقریبات سے خطاب

لاہور (آن لائن) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا میں 'پیس میکر' بن چکا، اب معاشی قوت بننا ہمارا ہدف ہے، ہم امن پسند ملک ہیں، پاکستان کو تنہا کرنے کا خواب دیکھنے والوں کو رسوائی کا سامنا ہے، آج دنیا کا ہر ملک پاکستان کا نام جانتا ہے، اگر کوئی بری نگاہ سے پاکستان کی طرف دیکھے گا تو ہم اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیس میکر بن گیا ہے، امریکا اور ایران کی جنگ میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

متضاد امریکی بیانات تہران کے واشنگٹن پر عدم اعتماد میں اضافہ کریں گے، ایران کا انتباہ

دونوں فریق باہمی ذمہ داریوں کو پورا اور مشکوک مفاہیم یا تشریحات سے گریز کریں، بقائی

تہران (آن لائن) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے خبردار کیا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے حوالے سے امریکی حکام کے متضاد بیانات ایرانی عوام کے واشنگٹن پر پہلے سے موجود عدم اعتماد کو کم کرنے کے بجائے مزید بڑھا سکتے ہیں۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں اسما (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

نوشکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے بوزر گاڑی کو آگ لگادی اور فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے بوزر گاڑی کو آگ لگادی اور فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نوشکی کے علاقے مل میں نامعلوم مسلح افراد نے بوزر گاڑیوں کو روک کر آگ لگادی جس سے گاڑ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

آبنائے ہرمز کو کسی ایک ملک کی ملکیت کے طور پر قبول نہیں کرینگے، امریکی وزیر خارجہ

ایران کی جانب سے دہشتگردوں کی حمایت ختم کئے بغیر مشرق وسطیٰ میں امن ممکن نہیں، مارک روبیو

منامہ (آن لائن) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کا کہنا ہے کہ ہم آبنائے ہرمز کو کسی ایک ملک کی ملکیت کے طور پر قبول نہیں کرینگے۔ ایران کی جانب سے دہشتگردوں کی حمایت ختم کئے بغیر مشرق وسطیٰ میں امن ممکن نہیں۔ وینزویلا میں زلزلے سے ہونے والے نقصان پر بہت افسوس ہوا مشکل کی اس گھڑی میں کراکس کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ جن (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

ڈیرہ مراد جمالی، شوہر کی فائرنگ، بیوی سمیت 3 افراد قتل

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں شوہر نے گھر کے اندر فائرنگ کرکے اپنی بیوی سمیت 3 افراد کو قتل کردیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے اقبال ٹاؤن میں شوہر نے گھر میں گھس کر فائرنگ کرکے اپنی بیوی مسمات کونج بی بی، سسر یاسین خان اور ساس مدیحہ بی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

پرنس آغا عمر احمدزئی سے معاون داخلہ بابر یوسفزئی کی ملاقات

بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جاری حکومتی منصوبوں پر بھی گفتگو

مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (خ ن) ایمانی سیکرٹری برائے پاپولیشن ویلفیئر پرنس آغا عمر احمدزئی سے معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں فلاح و بہبود، پاپولیشن ویلفیئر کے پروگراموں، امن و امان کی صورتحال اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان میں آباد دوران باہمی دلچسپی کے امور، صوبے میں عوامی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

لاہور: سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب بی بی پاکدامن مزار کا دورہ کررہی ہیں

تمام دکانوں، مارکیٹوں، پلازوں، کاروباری مراکز کو تاجر تنظیموں کے نمائندوں اور دکانداروں کی موجودگی میں سیل کیا گیا

بلوچستان بھر میں یوم عاشورہ کے موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات 32 ہزار اہلکار تعینات

جلوس کے روٹ اور دیگر مقامات کے علاوہ شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر 17 ہزار سے زائد اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے

ڈسٹرکٹ پولیس، بلوچستان کانسٹیبلری، ریپڈ فورس، اے ٹی ایف، فرنٹیئر کور، اینٹی رائٹس فورس کے اہلکار شامل ہیں، سیکورٹی حکام

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان میں عاشورہ کے جلوس کے موقع پر سخت سیکورٹی انتظامات کو یقینی بناتے ہوئے جلوس کی سیکورٹی پر 32 ہزار سے زائد اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے جلوس کی فضائی اور سی سی ٹی وی کیمروں سے نگرانی کی جائے گی جلوس کے روٹ پر آنے والی تمام دکانوں، مارکیٹوں، پلازوں، کاروباری مراکز کو تاجر تنظیموں کے نمائندوں اور دکانداروں کی موجودگی میں سیل کیا گیا جلوس کے روٹ کی سنیپ چیکنگ کرنے کے علاوہ بم ڈسپوزل اسکواڈ، سونگھ کر نے والے کتوں کے ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں عاشورہ کے جلوس کے موقع پر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

مظفرآباد، آزاد جموں وکشمیر کے انسپکٹر جنرل پولیس لیاقت علی ملک پریس کانفرنس کررہے ہیں

کوئٹہ، کوئٹہ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین نعیم احمد مدنی، محمد کامران مدنی اور دیگر اراکین محرم الحرام میں دودھ کی سبیل سے شربت تقسیم کررہے ہیں

کیچ و پنجگور میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت، گرین پاکستان انیشی ایٹو پر بھی گفتگو

شہباز شریف سے نیشنل پارٹی رہنماؤں کی ملاقات بلوچستان کی ترقی اور منصوبوں پر تبادلہ خیال

پارٹی کے رہنماؤں نے امریکہ ایران جنگ میں پاکستان کی لیڈرشپ کے مثبت رول ادا کرنے پر وزیر اعظم کو مبارکباد دی

کوئٹہ / اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف سے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی اور رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ کی ملاقات۔ ملاقات میں بلوچستان بالخصوص ضلع کیچ و پنجگور کی مجموعی سیاسی صورتحال اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

وینزویلا میں زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد 167 ہوگئی، ایک ہزار سے زائد زخمی

مختلف شہروں میں درجنوں عمارتیں تباہ، بڑی تعداد میں لوگوں کے ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ

کراکس (آن لائن) زلزلے سے وینزویلا کے دارالحکومت کراکس سمیت مختلف شہروں میں درجنوں عمارتیں تباہ ہوگئیں اور بڑی تعداد میں لوگوں کے ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ وینزویلا میں پے در پے زلزلے کے شدید جھٹکوں نے بڑے پیما (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

حب لسبیلہ کینال پر پانی چوری کے خلاف ڈیلی کی بنیاد پر کریک ڈاؤن جاری سینکڑوں غیر قانونی کنکشن منقطع

حب (آن لائن) حب لسبیلہ کینال پر پانی چوری کے خلاف ڈیلی کی بنیاد پر کریک ڈاؤن جاری سینکڑوں غیر قانونی کنکشن منقطع۔ ایکسین اریگیشن حب عدیل فیض تفصیلا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

پاکستان اور امریکا کے درمیان بحری شعبے میں تعاون کے فروغ پر اتفاق

امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر کی وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری سے اہم ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر نے وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری سے اہم ملاقات کی، جس میں پاکستان اور امریکا کے درمیان بحری شعبے میں تعاون بڑھانے، سرمایہ کاری کے فروغ اور بندرگاہی انفراسٹرکچر کی ترقی سے متعلق تفصیلی تبادلہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

گومل زام ہائیڈل پاور سٹیشن کا متاثرہ یونٹ بحال

اسلام آباد (آن لائن) گومل زام ہائیڈل پاور سٹیشن کا متاثرہ یونٹ بحال ہوگیا ہے اور بحال کیے گئے یونٹ کو مطلوبہ ٹیسٹ مکمل ہو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

27 تا 30 جون تک خصوصی بینکنگ شیڈول، آن لائن اور اوور دی کاؤنٹر سہولتیں جاری رہیں گی، ذرائع

ٹیکس وصولی میں سہولت کیلئے بینکوں کے اوقات کار میں توسیع کا فیصلہ

انٹرنیٹ بینکنگ، موبائل بینکنگ ایپلی کیشنز، اے ٹی ایم اور دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی بلاتعطل دستیابی کو بھی یقینی بنائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) 27 سے 30 جون 2026 تک سرکاری ڈیوٹیز ٹیکسز کی وصولی ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیز ٹیکسز کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرنے کی غرض سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی درخواست پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینکوں کی وہ تمام شاخیں بشمول کسٹمز وصولی کے معاملات دیکھنے والی این بی پی شاخیں (جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں)، وہ اوور دی کاؤنٹر ادائیگی کی سہولت کے ذریعے ٹیکسوں کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

وزیر اعظم شہباز شریف کی معاشی ٹیم کی کارکردگی کی تعریف

آئندہ بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے پر اطمینان کا اظہار کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری اور اس میں عوامی و کاروباری برادری (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

پاکستان اور ترکیہ کے توانائی شعبے کے اداروں کے درمیان 3 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

پاکستان ٹرانسمیشن سسٹم کی ترقی اور تقسیمی شعبے کی جدید کاری سے متعلق تجربات سے سیکھے گا، اویس لغاری

استنبول (آن لائن) پاکستان اور ترکیہ کے توانائی شعبے کے اداروں کے درمیان 3 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشتوں کا مقصد توانائی شعبے میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

سیکرٹری خزانہ بلوچستان سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری خزانہ بلوچستان جہانگیر کاکڑ سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن کے صدر عبدالسلام لانگو کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی وفد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

بختیار آباد، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) بختیار آباد کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا اور فر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

واقع کربلا محض تاریخی سانحہ نہیں بلکہ ایک دائمی پیغام اور ایک زندہ درسگاہ ہے، صدر زرداری

حضرت امام حسین کی جدوجہد کا مقصد امت کی اصلاح اور دین محمدیﷺ کی حقیقی اقدار کا تحفظ تھا

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ واقع کربلا محض ایک تاریخی سانحہ نہیں بلکہ ایک دائمی پیغام اور ایک زندہ درسگاہ ہے حضرت امام حسینؓ کی جدوجہد کا مقصد امت کی اصلاح اور دین محمدیﷺ کی حقیقی اقدار کا تحفظ تھا۔ یوم عاشور پر پیغام میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ یوم عاشور اسلامی تاریخ کا ایک عظیم اور بامعنی دن ہے، جو ہمیں صبر، استقامت، ایثار، حق گوئی اور اصولوں پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتا ہے۔ یہ دن کئی اہم تاریخی واقعات کی یاد تازہ کرتا ہے، تاہم تاریخ اسلام میں اس کی سب سے نمایاں نسبت نواسہ رسول حضر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

ہرنائی، خوست میں کوئلہ کان بیٹھ جانے سے 2 کانکن جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) ہرنائی کے علاقے خوست میں کوئلہ کان بیٹھ جانے سے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، طلال چوہدری

محرم الحرام: فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کے لیے وفاق وصوبوں کا اہم اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری اور سیکرٹری داخلہ کی زیر صدارت محرم الحرام کے سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے ہوم سیکرٹریز اور پولیس حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران جلوسوں اور مجالس کے سیکورٹی پلان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور انتظامات کا جامع جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے اور فول پروف سیکورٹی اقدامات یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

24 گھنٹوں میں 2 کروڑ بیرل تیل آبنائے ہرمز کے راستے روانہ ہوا، کرس رائٹ

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ کے وزیر توانائی کرس رائٹ نے کہا ہے کہ 24 گھنٹوں کے دوران آبنائے ہرمز کے راستے 2 کروڑ بیرل خام تیل عالمی منڈیوں کی جانب (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد مرکزی اثنا عشری امام بارگاہ G-6/2 میں عاشورہ کے نویں دن محرم کے جلوس میں شیعہ مسلمان شریک ہیں

یوم عاشورہ: حضرت امام حسین کی عظیم قربانی حق و صداقت کا لازوال استعارہ ہے، رہنماء پیپلز پارٹی

واقعہ کربلا انسانیت، حق، عدل، صبر اور قربانی کا ایسا عظیم درس ہے، بلال مندوخیل

حضرت امام حسین کی قربانی امت مسلمہ کے لیے اتحاد، بھائی چارے، رواداری اور ایثار کا پیغام ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور چیئرمین سینیٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی برائے اور سینیٹر پاکستان کامرس کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے یوم عاشورہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ واقعہ کربلا انسانیت، حق، عدل، صبر اور قربانی کا ایسا عظیم درس ہے جو رہتی دنیا تک انسانوں کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین اور ان کے جانثار ساتھیوں نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

یوم عاشور کے موقع پر فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں، کاشف حیدری

امن و امان کے قیام، عزاداروں کی سہولت اور جلوسوں و مجالس کیلئے ادارے اپنی تیاریاں بروقت مکمل کریں

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ 10 ویں محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لیے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ امن و امان کے قیام، عزاداروں کی سہولت اور جلوسوں و مجالس کے پرامن انعقاد کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی تیاریاں بروقت مکمل کریں اور ضروری انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ کاشف حیدری نے کہا کہ محرم الحرام بالخصوص یوم عاشور ہمیں صبر، برداشت، قربانی، حق گوئی اور اصولوں پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتا ہے۔ اس مقدس موقع پر تمام مکاتب فکر، تاجر برادری اور شہر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 32)

کوہلو میں میر بجار خان مری کا شجر کاری مہم کا افتتاح

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں میر بجار خان مری نے میر نہالان پارک اینڈ لائبریری میں پودا لگا کر باقاعدہ طور پر شجرکاری مہم کا افتتاح کردیا۔ تفصیلات کے مطابق شجرکاری مہم کی افتتاحی تقریب میر نہالان پارک اینڈ لائبریری میں منعقد ہوئی، جہاں میر بجار خان مری نے پودا لگا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کیا۔ اس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ترمیمی بل 2026 رائٹ آف وے شقوں پر عبوری رپورٹ پیش

ڈیجیٹل ترقی اور شہری حقوق میں توازن ضروری، مجوزہ ٹیلی کام قانون میں مزید وضاحت کی سفارش، نجی ملکیت کے تحفظ پر زور

کمیٹی نے تنازعات کے حل، جرمانوں اور قانونی تعریفوں پر نظرثانی کی تجویز دے دی، حتمی مسودہ ایک ہفتے میں تیار ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ری آرگنائزیشن ترمیمی بل 2026 کے تحت رائٹ آف وے شقوں کا جائزہ لینے کے لیے قائم کردہ وزیر اعظم کی خصوصی کمیٹی نے اپنی عبوری رپورٹ پیش کردی ہے، جس میں نجی جائیداد کے حقوق کے تحفظ کو بنیادی شرط قرار دیتے ہوئے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی ترقی اور قانونی وضاحت کے لیے متعدد اہم سفارشات شامل کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزارت قانو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

ترکیہ نے پاکستان کے توانائی شعبے کی اصلاحات میں تکنیکی معاونت کی پیشکش کردی

پاکستان کے پاور سیکٹر کی مالی پائیداری اور کارکردگی بہتر بنانے کیلئے تعاون بڑھانے کا فیصلہ

ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان کے بجلی شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت دی گئی

استنبول (آن لائن) استنبول میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان توانائی شعبے میں اعلیٰ سطحی بین الوزارتی مشاورت ہوئی جس میں ترکیہ نے پاکستان کے توانائی شعبے کی اصلاحات میں تکنیکی معاونت کی پیشکش کردی جبکہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان توانائی شعبے میں ادارہ جاتی تعاون بڑھانے، ریگولیٹری مہارت، گورننس اور بجلی کاری کے بہترین طریقوں کے تبادلے پر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس

صنعتی سرمایہ کاری کے امکانات، گوادر اپ لفٹنگ پلان اور اضلاع کی معاشی و روزگار سے متعلق ترقیاتی حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا

معاشی بہتری، پائیدار ترقی اور مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے جاری اور مجوزہ منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے فروغ اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری سے متعلق ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں حب، گڈانی اور گوادر میں صنعتی سرمایہ کاری کے امکانات، گوادر اپ لفٹنگ پلان اور اضلاع کی معاشی و روزگار سے متعلق ترقیاتی حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران بلوچستان کے ساحلی اور پسماندہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

ABC CERTIFIED

روزنامہ

تعمیروطن

TAMEER-E-WATAN

سیکورٹی انتظامات

عاشورہ کے جلوس کی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں اور سیکورٹی انتظامات کے تحت موبائل سروس معطل رہے گی۔ دسویں محرم الحرام کے مرکزی ماتمی جلوس کی سیکورٹی انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے دسویں محرم الحرام کے لئے سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے ہیں جلوس کی سیکورٹی پر پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری تعینات ہوگی۔ اس حوالے سے مرکزی ماتمی جلوس کے روٹس کو مکمل طور پر سیل کردیا گیا ہے۔ داخلی اور خارجی راستوں پر بھی سیکورٹی کے موثر اقدامات کئے گئے ہیں۔ دسویں محرم الحرام کے مرکزی ماتمی جلوس کی فضائی نگرانی بھی کی جائے گی۔ جلوس کے روٹس میں آنے والی تمام مارکیٹیں اور دوکانیں سیل کردی گئی ہیں۔

بقیہ 01

کہ یوم عاشور اتحاد، اخوت، برداشت اور باہمی احترام کے فروغ کا دن ہے۔ آج کے دن ہمیں اس عزم کی تجدید کرنی چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے میں امن، رواداری، بھائی چارے اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے

ہوئے کہا کہ مشکل کی گھڑی میں کراس کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ مشکل سے دوچار عوام کی امداد کے لئے امدادی ٹیمیں بھی بھیج دی ہیں۔

بقیہ 05

للہ تعالیٰ نے پاکستان سے کام لیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں یہ کام

بقیہ 01

بھاری نفری تعینات ہوگی۔ اس حوالے سے مرکزی ماتمی جلوس کے روٹس کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے۔ داخلی اور خارجی راستوں پر بھی سیکورٹی کے موثر اقدامات کیے گئے ہیں۔ دسویں محرم الحرام کے مرکزی ماتمی جلوس کی فضائی نگرانی بھی کی جائے گی۔ جلوس کے روٹس میں آنے والی تمام مارکیٹیں اور دوکانیں سیل کردی گئی ہیں۔

بقیہ 02

یت کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ روز دوپاسی ہاؤس ڈھاڈر میں سجادہ نشین سردار ظفر شاہ دوپاسی کی سربراہی میں سادات دوپاسی اور بہی خواہوں کے ہونیوالے اجلاس میں سید نظر شاہ، سید غلام علی شاہ، سید اورنگ شاہ، شکیل احمد شاہ، سید عبداللہ شاہ، سید وقاص ظفر، سید عبدالغفور شاہ دوپاسی، جیکب آباد سے ادریس اؤاوخان باروزہی، ڈاکٹر نثار احمد، ممتاز علی، شیر علی، مٹھا خان جتوئی سراج احمد سومرو، اوستہ محمد سے میر زیب خان جمالی کامریڈ عمران علی چدرانی، خلیفہ نوید خان، ڈھاڈر ہی سے تعلق رکھنے والے رئیس عرفان بوہڑ، رئیس عبدالرف، حاجی بٹھا خان بوہڑ، حاجی اسداللہ بوہڑ، محمد حسن بوہڑ تربت کے معروف معالجین ڈاکٹر فضل خالق اور ڈاکٹر غلام قادر بلوچ کی قیادت میں ڈاکٹر کیونٹی کوئٹہ کے قمبر محمد روڈ، گلبرگ اسٹریٹ اور ملحقہ علاقوں کی اہم شخصیات حاجی اسد بلال، حاجی عاصم بلال اور سید عابد بخاری کی قیادت میں کاشف رضا، سید عزیر بخاری، سید حسام بخاری، سید حماد، الطاف حسین، اکرم جلیل، تنویر، اسلم، حبیب، حفیظ محمد آصف محمد اعجاز محمد ہمایوں محمد ندیم، نعمان اعجاز، ارسلان، محمد طلحہ، اطہر صدیقی، اکرم صدیقی، فیضان، فرحان، حسن، ناصر پرویز، خرم، عدیل، فیصل، آصف، عامر، ظہیر، ملک بشیر چوک کے معتبرین سیاسی سماجی شخصیات علی احمد ساتکزئی، نبیل احمد ساتکزئی، سرفراز احمد ساتکزئی، ذوہیب خان ساتکزئی، محمد دا مینگل، محمد عارف مینگل، سلمان خان ساتکزئی، ور محمد ساتکزئی، ظہور احمد ساتکزئی، نادر علی ساتکزئی، ستار احمد لہڑی محمد عباس لہڑی، علی احمد شاہوانی، گل محمد عراقی، میر قائم خان شاہوانی، احسان اللہ لہڑی، افسار احمد شاہوانی، سفید یار شاہوانی، محمد یونس شاہوانی اور دیگر نے بڑی تعداد میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کے رابطہ مہم کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے

بقیہ 03

وئی مولانا قاضی شمس الحق مولانا قاری محمد اکمل قاضی گل الرحمن نکیال نے کہا کہ حکمرانوں کی جابرانہ اقدامات سے قوم مایوسی کی شکار ہے قوم وملک کی استحصالی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ مسائل حل کرنے کی بجائے جلتی آگ پر تیل ڈال رہی ہے حکومت جان بوجھ کر منفی بیانیہ سے حالات کو بگاڑ کی طرف لے جارہی ہیں ملک مزید بحران کی دلدل میں دھکیلا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ کشمیر میں حکمرانوں نے طاقت کی استعمال عوام کو بغاوت پر بھڑکایا۔ ایکشن کمیٹی کے ساتھ معاہدہ پر عملدرآمد ہونے کی بجائے ایکشن کمیٹی پر پابندی لگانے سے مسائل حل ہوسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ جبر اور آمریت کی فضا سے جان بوجھ کر یہ حالات پیدا کررہی ہیں۔ ملکی مسائل پر پارلیمنٹ کے پاس فیصلے کا کوئی اختیار نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بحران اور معاملات کو سیاسی فہم وفراست اور تدبر سے حل کرکے مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھائے۔ طاقت کے استعمال سے صورتحال مزید خراب ہوتی جا رہی ہے جان بوجھ کر منفی بیانیہ سے انتشار اور خلفشار پیدا کیا جارہا ہے

بقیہ 04

یک سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان تاریخی پروگراموں نے نہ صرف پارٹی کی تنظیمی قوت اور عوامی حمایت کا بھرپور اظہار کیا بلکہ یہ بھی ثابت کیا کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی فکر، جدوجہد اور قومی سیاسی وژن آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کے عہدیداروں اور کارکنوں، بالخصوص ضلع قلعہ سیف اللہ کے ذمہ داران، کارکنوں اور نوجوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، جنہوں نے شب و روز محنت کرتے ہوئے ایک ایسا شاندار، منظم، پُرجوش اور ولولہ انگیز جلسہ منعقد کیا جس کی مثال ماضی قریب میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ کارکنوں نے انتہائی محدود وسائل کے باوجود جس نظم وضبط، سیاسی شعور اور قومی جذبے کا مظاہرہ کیا، وہ قابل ستائش اور پارٹی کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن سردار اللہ یار خان جوگیزی کی جانب سے اپنی رہائش گاہ، جوگیزی ہاؤس، میں ضلع قلعہ سیف اللہ کے 21 جون کو منعقد ہونے والے تاریخی ضلعی کانفرنس اور ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی شہادت کی پانچویں برسی کے سلسلے میں منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام کے منتظمین اور کارکنوں کے اعزاز میں دیے گئے پرتکلف عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹری چیئرمین اللہ نور خان، ضلعی سیکریٹری شمس رودوال، سینئر معاون عزیز آرین اور علاء ونگ کے سینئر معاون مولوی شاہ خالد نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ قلعہ سیف اللہ کا حالیہ ضلعی کانفرنس اور ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی پانچویں برسی کا عظیم الشان جلسہ عام پارٹی کی عوامی مقبولیت، تنظیمی استحکام اور کارکنوں کے سیاسی شعور کا واضح مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ نے اپنی پوری زندگی پشتون قومی حقوق، جمہوریت، آئین کی بالادستی، پارلیمانی سیاست اور محکوم اقوام کے حقوق کے لیے وقف کر رکھی تھی، اور آج ان کی جدوجہد کارکنوں کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکریٹری سردار گل مرجان کبزی، صوبائی سیکریٹری مالیات وچیئرمین میونسپل کمیٹی سید اکبر خان، صوبائی ڈپٹی سیکریٹری غنی فدائی، سندھ کے صوبائی سیکریٹری شفیع ترین، ضلع پوری کے ضلعی سیکریٹری مصطفیٰ کمال، ضلع پوری کے سینئر معاون نعمت جلالزی، ضلع قلعہ سیف اللہ دوم کے ضلعی سیکریٹری حبیب اللہ، ضلع قلعہ سیف اللہ دوم کے سینئر معاون سیکریٹری متان خان، ضلع قلعہ سیف اللہ اول ودوم کی ضلعی ایگزیکٹو کمیٹیوں کے اراکین، مرکزی، صوبائی، ضلعی اور علاقائی کمیٹیوں کے ممبران، نیز پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے عہدیداروں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے تاریخی ضلعی کانفرنس اور عظیم الشان جلسہ عام کے کامیاب انعقاد پر تمام منتظمین، کارکنوں اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی اجتماعی محنت، قربانی اور سیاسی وابستگی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے اس شاندار پروگرام کے انعقاد میں دن رات محنت کرنے والے کارکنوں اور ذمہ داران کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی کو مزید منظم، فعال اور مضبوط بنانے کے لیے آئندہ بھی اسی جذبے، نظم و ضبط اور لگن کے ساتھ کام جاری رکھا جائے گا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی سیاسی، قومی اور جمہوری فکر کو نئی نسل تک پہنچانا اور ان کے ادھورے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا پارٹی کے ہر کارکن کی ذمہ داری ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے تنظیم کو ہر سطح پر مزید مستحکم اور فعال بنانے کی اجتماعی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 05

مگر مذکورہ آسامیوں پر بھرتیوں کے عمل میں نہ صرف میرٹ کو پس پشت ڈالا گیا بلکہ عدالتی احکامات کے باوجود لواحقین کوٹہ کے تحت مستحق یتیم اور متاثرہ خاندانوں کو بھی ان کا جائز حق نہیں دیا گیا جو انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ صوبائی ترجمان نے کہا کہ ایپکا بلوچستان شروع دن سے لواحقین کے حقوق کے تحفظ اور ان کی بحالی کے لیے آواز بلند کرتی آرہی ہے۔ عدالتی فیصلوں کے بعد توقع کی جارہی تھی کہ تمام سرکاری محکموں میں لواحقین کوٹہ اور میرٹ کی بنیاد پر بھرتیوں کا عمل یقینی بنایا جائے گا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بعض بااثر شخصیات اور بیوروکریسی سے وابستہ افراد نے اپنے رشتہ داروں اور من پسند امیدواروں کو ملازمتیں دلا کر نہ صرف میرٹ کا قتل کیا بلکہ ان مستحق خاندانوں کی امیدوں پر بھی پانی پھیر دیا جنہوں نے قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے اپنے کیسز جمع کرائے تھے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ کمشنر آفس کوئٹہ اور ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ میں ہونے والی بھرتیوں کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں لواحقین کو ان کا قانونی حق فراہم کیا جائے اور تمام آسامیوں پر میرٹ کے مطابق اہل اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی تعیناتی کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر اس معاملے کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو ایپکا بلوچستان احتجاجی تحریک چلانے سمیت قانونی اور عدالتی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتی ہے

بقیہ 06

نے والے ارکان قومی اسمبلی کے وفد کے دوران پیش آنے والے ناخوشگوار واقعے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس واقعے میں رکن قومی اسمبلی اقبال خان آفریدی کی جانب سے رکن قومی اسمبلی صاحبزادہ صبغت اللہ کے ساتھ مبینہ نامناسب رویے اور بدتمیزی پر اجلاس کے شرکاء نے شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا۔ پارلیمانی پارٹی کے اراکین نے نشاندہی کی کہ اقبال آفریدی کے رویے سے متعلق ماضی میں بھی مختلف ارکان کی جانب سے شکایات سامنے آتی رہی ہیں۔ صورتحال پر غور کے بعد اجلاس میں متفقہ طور پر قرارداد منظور کی گئی جس کے تحت اقبال خان آفریدی کی پارلیمانی پارٹی رکنیت معطل کر دی گئی۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ پارٹی قیادت سے سفارش کی جائے گی کہ اقبال آفریدی کو پاکستان تحریک انصاف کی بنیادی رکنیت سے بھی خارج کیا جائے۔ پارلیمانی پارٹی نے اس موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی اپنے تمام ارکان سے پارلیمانی روایات، نظم وضبط اور باہمی احترام کی مکمل پابندی کی توقع رکھتی ہے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ کسی بھی ایسے رویے کی اجازت نہیں دی جاسکتی جو پارٹی کے وقار، اتحاد اور جمہوری اقدار کے منافی ہو

بقیہ 07

بلندی کے لیے دی جانے والی قربانیاں اسلام کا ایک روشن باب ہیں اور ان قربانیوں کو رہتی دنیا تک فراموش نہیں کیا جاسکتا تمام امت مسلمہ کے لیے اسلام کی سربلندی کے لیے دی جانے والی یہ قربانیاں مشعل راہ ہیں۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے عاشورہ محرم کے موقع پر جاری ہونے والے اپنے ایک پیغام میں چوہدری تمیم کریم نے کہا کہ آل رسول شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنے اندر ایثار، قربانی تحمل اور برداشت کا جذبہ پیدا کریں اور اپنے اندر بحیثیت سچے مسلمان فرقہ وارانہ ہم آہنگی بھائی چارے اور یکجہتی کے جذبات کو فروغ دیتے ہوئے اپنے قول وعمل سے خود کو بہترین مسلمان ثابت کریں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے تعداد میں کم ہونے کے باوجود یزیدی طاقت کے سامنے سر جھکانے سے انکار کیا اور شہدائے کربلا نے حق کی راہ میں جان دینے کو ترجیح دی حق اور باطل کی جنگ تھی جس میں فتح حق کو حاصل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کربلا کی قربانیوں کے نتیجے میں دین اسلام کی سربلندی ہوئی اور باطل قوتوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا اسلام کی خاطر دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں شدت وانتہا پسندی کے خاتمے کے لیے تمام امت مسلمہ کے لیے ایک رول ماڈل ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے مابین اتحاد بین المسلمین کے جذبے کو فروغ دیا جائے اور تمام دہشت گرد اور تخریب کار عناصر کے خلاف اپنی صفوں میں مکمل اتحاد برقرار رکھا جائے اس کے لیے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کو بنیادی کردار ادا کرتے ہوئے معاشرے کی صحیح سمت میں رہنمائی کرنی ہوگی۔

بقیہ 08

حرہ نویں اور دسویں محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر صفائی ستھرائی، سیکیورٹی، پانی کی فراہمی، اسٹریٹ لائٹس، نکاسی آب اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تاکہ عزاداران کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جاسکے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ محرم الحرام کے دوران تمام انتظامات کو بروقت اور مؤثر انداز میں یقینی بنایا جائے تاکہ جلوسوں کا انعقاد پرامن اور منظم طریقے سے ممکن ہو سکے۔

بقیہ 09

کیا گیا ہے۔ واقعہ کربلا ہمیں قربانی اور ایثار کا درس دیتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نواسہ رسول ﷺ اور ان کے تمام رفقاء حق وصداقت کی آواز بلند کرنے نکلے تھے جس میں انہیں جام شہادت نوش کرنا پڑی۔ واقعہ کربلا تمام عالم اسلام کو حق وصداقت کے اعلیٰ اسلامی اصولوں صبر وتحمل وبرداشت کو زندگی میں اپنانے کا عملی نمونہ ہے۔ اور رسول مقبول ﷺ کے نواسو حضرت امام حسینؓ، حضرت امام حسنؓ اور ان کے رفقاء کی قربانیاں تا قیامت یزیدیت کے چہرے پر بدنما داغ رہے گی۔ ہمیں کربلا کے واقعہ کی تقلید کرتے ہوئے حق وصداقت کے راہ میں ایثار قربانی دینی ہوگی۔

بقیہ 10

وسماجی شخصیات، بلدیاتی نمائندگان، کونسلرز، وائس چیئرمین پشتی نعیم علی جوہر اور سابق چیئرمین حکیم چیف سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے شہر میں جاری لوڈشیڈنگ کے باعث عوام، کاروباری سرگرمیوں، طلبہ اور روزمرہ زندگی پر پڑنے والے منفی اثرات پر تفصیلی غور وخوض کیا۔ اس موقع پر تمام اسٹیک ہولڈرز نے متفقہ طور پر سفارش کی کہ پشتی شہر میں جاری لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کم از کم ایک گھنٹے کی کمی کی جائے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کیسکو حکام بجلی کی بندش کے دورانیے میں کمی کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کو یقینی بناتے ہوئے باقاعدہ شیڈول جاری کیا جائے گا، جبکہ بجلی کی ترسیل وتقسیم کے نظام میں موجود تکنیکی خرابیوں کو ترجیحی بنیادوں پر دور کیا جائے گا۔ اس موقع پر کیسکو حکام نے یقین دہانی کرائی کہ لوڈشیڈنگ میں ایک گھنٹے کی کمی سے متعلق اجلاس کی متفقہ سفارش فوری طور پر اعلیٰ حکام کو ارسال کی جائے گی تاکہ ضروری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر پشتی نے تمام شرکاء کے تعاون کو سراہتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد میں کیے گئے فیصلوں پر مؤثر اور بروقت عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 11

مہیم خان کے گھر کے باہر موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں راہگیر سکنہ پشتی موقع پر ہلاک ہوگیا۔ دھماکے سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا دھماکے سے موٹرسائیکل کے پرخچے اڑ گئے دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد مردہ خانے میں رکھ دی گئی۔ مزید کارروائی اورماڑہ انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 12

ئی، جس میں سیاسی، سماجی، اسپورٹس اور صحافتی حلقوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے مہمانان خصوصی میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر میڈم رقیہ عبید، نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ضلعی یوتھ اینڈ اسپورٹس سیکریٹری خورشید رند، ناصر کمال، عبدالستار رہبر، معروف سینئر کرکٹر کپتان محمد حیات، منیر گرگناڑی اور دیگر معزز شخصیات شامل تھیں۔ تقریب میں نوجوان کھلاڑیوں، کھیلوں کے شائقین اور مختلف ٹیموں کے نمائندوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جس سے ماحول جوش وخروش اور کھیل دوستی کے جذبات سے بھر گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت اور ذہنی نشوونما کا ذریعہ ہیں بلکہ نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے، منفی رجحانات کے خاتمے اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سندھ اور بلوچستان کے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ قومی سطح پر اپنی شناخت بنا سکیں۔ مقررین نے مزید کہا کہ آل سندھ بلوچستان شہید ولید صالح بلوچ کرکٹ ٹورنامنٹ دونوں صوبوں کے نوجوانوں کے درمیان بھائی چارے، محبت، یکجہتی اور کھیلوں کے فروغ کی ایک خوبصورت مثال ثابت ہوگا۔ اس نوعیت کی سرگرمیاں نہ صرف کھیلوں کے میدان آباد کرتی ہیں بلکہ نوجوان نسل میں اعتماد، نظم وضبط اور قیادت کی صلاحیتیں بھی پیدا کرتی ہیں۔ تقریب کے دوران ٹورنامنٹ کی خوبصورت اور دیدہ زیب ٹرافی کی رونمائی کی گئی جسے شرکاء نے بھرپور سراہا۔ بعدازاں معزز مہمانان نے مختلف ٹیموں کے ناموں سے مزین خصوصی شرٹس ٹیم نمائندوں کے حوالے کیں، اور خضدار پریس کلب کے لیے اعزازی شرٹ خضدار پریس کلب کے ممبر عبدالجبار حسنی کو دیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے یادگاری تصاویر بھی بنوائیں اور ٹورنامنٹ کی کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی جبکہ شرکاء نے امید ظاہر کی کہ آل سندھ بلوچستان شہید ولید صالح بلوچ کرکٹ ٹورنامنٹ خطے میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوان ٹیلنٹ کو سامنے لانے میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ #

بقیہ 13

میں مختلف وفود سے ملاقات اور گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شاہراہوں پر قائم متعدد چیک پوسٹوں پر روزانہ مسافر گاڑیوں، بسوں اور دیگر ٹرانسپورٹ کی طویل قطاریں معمول بن چکی ہیں۔ مریض، خواتین، بچے، بزرگ، معذور افراد اور روزگار کی غرض سے سفر کرنے والے شہری شدید گرمی میں گھنٹوں انتظار پر مجبور ہیں، جس سے نہ صرف ان کی صحت متاثر ہورہی ہے بلکہ ان کا قیمتی وقت بھی ضائع ہو رہا ہے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ شدید گرمی، بھوک، پیاس اور غیر ضروری تاخیر نے بلوچستان میں سفر کو عوام کے لیے عذاب بنادیا ہے۔ کئی مرتبہ ہنگامی طبی امداد کے محتاج مریض بروقت اسپتال نہ پہنچنے کے باعث جان کی بازی ہار چکے ہیں، جبکہ امتحانات، ملازمتوں، کاروباری سرگرمیوں اور دیگر اہم معاملات کے لیے سفر کرنے والے شہری بھی شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی کے تقاضے اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن عوام کی عزت، جان اور وقت کا تحفظ بھی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ جدید اور مؤثر نظام متعارف کروا کر سیکیورٹی کو یقینی بناتے ہوئے عوام کو غیر ضروری انتظار، بے جا پوچھ گچھ، بدسلوکی اور اذیت سے نجات دلائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے وفاقی وصوبائی حکومت، نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے)، متعلقہ سیکیورٹی اداروں اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر ایسا مربوط نظام وضع کریں جس سے چیک پوسٹوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رہے، مسافروں کو بلاوجہ انتظار نہ کرنا پڑے اور مریضوں، خواتین، بزرگوں اور ایمرجنسی کیسز کے لیے خصوصی سہولت فراہم کی جائے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بدقسمتی سے حکومت اور متعلقہ اداروں کی غفلت عوام کو احتجاج پر مجبور کررہی ہے۔ اگر عوامی مشکلات کا بروقت ازالہ نہ کیا گیا تو بے چینی نقصانات میں مزید اضافہ ہوگا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جماعت اسلامی بلوچستان عوام کے بنیادی حقوق، عزت، جان و مال کے تحفظ اور سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور پارلیمانی فورم پر بھرپور آواز بلند کرتی رہے گی اور عوام کو درپیش مسائل کے حل تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

بقیہ 14

میں شدید تشویش پائی جارہی ہے۔ عوام کو اسد مارکیٹ روڈ جیسی صورتحال کا خدشہ باب تال سے ٹی پیک تک سڑک کے منصوبے پر بیزن پور کے علاقے میں تعمیراتی کام مکمل کرلیا گیا ہے، تاہم باقی ماندہ حصہ ابھی تک زیر تعمیر ہے۔ ذرائع کے مطابق اس حصے کا ٹھیکہ مبینہ طور پر اسد مارکیٹ ٹوٹی پیک کے ٹھیکدار کو دیا گیا ہے، جس پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جارہی ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر باقی ماندہ سڑک کی تعمیر بھی اسی رفتار اور انداز میں ہوئی جس طرح ٹی پیک تا اسد مارکیٹ سڑک کا کام تاخیر اور مسائل کا شکار رہا، تو عوام کو ایک بار پھر مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اسد مارکیٹ سے عیدگاہ تک سڑک کی موجودہ حالت شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے، جہاں گرد وغبار، ٹوٹ پھوٹ اور آمدورفت کی دشواریاں روزمرہ کا معمول بن چکی ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ باب تال تا ٹی پیک سڑک کے باقی ماندہ حصے پر فوری، معیاری اور شفاف انداز میں کام مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو مزید مشکلات اور تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 15

کے بعد ان کی بازیابی کے لیے سیکورٹی فورسز نے کئی آپریشن کیے لیکن ان کی بازیابی ممکن نہ ہوسکی محمد وسیم کی لاش قلات کے پولیس تھانہ صدر کی حدود میں توک نامی علاقے سے برآمد ہوئی۔ لاش کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ سے تقریباً دو کلومیٹر مشرق کی جانب ایک ویران مقام سے ملی۔ لاش پر تشدد کے نشانات موجود تھے۔ لاش کو ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال قلات منتقل کیا اور پھر ضروری کارروائی کے بعد کراچی روانہ کردیا گیا محمد وسیم احمد کے ہمراہ اغوا ہونے والے دوسرے شخص کے بارے میں تاحال واضح معلومات سامنے نہیں آئی۔

بقیہ 16

کارگو کی ترسیل Regime TIR اور Transit Regime کے تحت کی جاسکے گی، جبکہ ایران کے لیے مختص کارگو کی کراس اسٹفنگ پاکستان کی بندرگاہوں اور آف ڈاک ٹرمینلز پر بھی ممکن ہوگی۔ اس اقدام سے بین الاقوامی تجارتی نقل وحمل کو مزید سہولت میسر آئے گی اور تجارتی عمل میں مؤثریت پیدا ہوگی۔ ایف بی آر نے ڈائریکٹوریٹ جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی کو ہدایت کی ہے کہ ایران سے متعلق کارگو کی مؤثر نگرانی، مانیٹرنگ اور آپریشنل سہولت کاری کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے علاوہ روزانہ کی بنیاد پر کارگو کلیئرنس ایکشن اور ہفتہ وار رپورٹنگ کا نظام بھی نافذ کیا گیا ہے تاکہ شفافیت اور ریگولیٹری تقاضوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔ اس اہم پیش رفت کو گوادر پورٹ کے چیئرمین نورالحق بلوچ کی مسلسل کاوشوں، متعلقہ وفاقی اداروں کے ساتھ مؤثر رابطوں اور خطے میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے جاری کوششوں کا مثبت نتیجہ قرار دیا جارہا ہے۔ ان اقدامات کا مقصد گوادر پورٹ کو علاقائی تجارت کے ایک فعال مرکز کے طور پر مستحکم کرنا اور پاکستان و ایران کے درمیان تجارتی روابط کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ تجارتی اور کاروباری حلقوں نے اس فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اس سے گوادر سمیت مکران ڈویژن کے سرحدی اور بندرگاہی کاروبار کو نئی تقویت ملے گی، دوطرفہ تجارت میں اضافہ ہوگا اور خطے میں درآمدات و برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ ماہرین کے مطابق یہ اقدام گوادر پورٹ کی تجارتی اہمیت میں اضافے اور بلوچستان کی معاشی ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ 17

دومڑ نے فوری نوٹس لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوہلو نے ضلعی انتظامیہ کے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ ٹرانسپورٹ مالکان کے ساتھ مشاورت کرکے مختلف روٹس پر کرایوں میں کم از کم 300 سے 400 روپے تک کمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ حکومت کی جانب سے تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ براہ راست عوام تک پہنچ سکے۔ اس سلسلے میں تحصیلدار کوہلو، تحصیلدار ماوند اور تحصیلدار تمبو کے درمیان ایک اہم اجلاس تحصیلدار جلال مری کے دفتر میں منعقد ہوا، جس میں مختلف روٹس کے کرایوں کا جائزہ لیا گیا اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے ٹرانسپورٹ کرایوں میں مناسب کمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو نے واضح کیا ہے کہ سرکاری ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا اور عوامی مفاد کے خلاف کسی قسم کی من مانی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کرایہ ناموں پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کوہلو کے فوری نوٹس اور مؤثر اقدامات کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ کرایوں میں کمی سے عوام کو خاطر خواہ ریلیف ملے گا اور ٹرانسپورٹ مالکان کی من مانی کا خاتمہ ہوگا۔

بقیہ 18

کمشنر مجیب الرحمن قمبرانی نے منصوبوں پر جاری کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں اور تعمیراتی کمپنیوں کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے کام کی رفتار مزید تیز کی جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ تعمیراتی معیار، شفافیت اور انجینئرنگ اصولوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے تاکہ عوام کو محفوظ، معیاری اور پائیدار سفری سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ کوہلو۔ بارکھان۔ رکھنی شاہراہ اور رکھنی بائی پاس کی تکمیل سے کوہلو، بارکھان، رکھنی اور ملحقہ علاقوں میں آمدورفت کی سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی، سفری دورانیہ کم ہوگا اور تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ بعد ازاں کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن نے رکھنی بائی پاس سے ہکڑ کراس تک زیر تعمیر سڑک کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور فیلڈ انتظامات سمیت تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے اور کام کی رفتار میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ مقررہ مدت میں اہداف حاصل کیے جاسکیں کمشنر مجیب الرحمن قمبرانی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈویژنل انتظامیہ ترقیاتی منصوبوں کی بلاتعطل، بروقت اور معیاری تکمیل کے لیے ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کرتی رہے گی تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد میسر آسکیں۔

بقیہ 19

کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او ذوالفقار علی چندرانی نے کارروائی کرتے ہوئے۔ روپوش ملزمان علی دوست اور یاسین کو گرفتار کرکے ان کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ 20

ورچاروں صوبوں کے کنوینروں ڈپٹی کنوینروں کا اہم مشترکہ اجلاس 2 جولائی بروز جمعرات بعد نماز ظہر بمقام دفتر جمعیت علماء اسلام نظریاتی کوئٹہ کے مرکزی آفس نیو نجم الدین روڈ کوئٹہ میں طلب کی اہتمام صوبوں کے کنوینروں ڈپٹی کنوینروں کو ہدایت کی گئی، ہیوہ اجلاس میں شرکت کو یقینی بنائیں اجلاس میں مرکزی مجلس شوریٰ کے تشکیل اور مرکزی انتخابات کی تاریخ کی تعین اور دیگر اہم امور پر غور ایجنڈے میں شامل ہیں

بقیہ 21

ئی انجام دینے پر مجبور کیا جارہا ہے۔ متاثرہ اہلکاروں کا کہنا ہے کہ ضم شدہ فورس کے ملازمین کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا جارہا ہے، جس سے ان میں بے چینی پائی جاتی ہے۔ ان کا موقف ہے کہ حکومت کے انضمامی فیصلے کا مقصد دونوں فورسز کو یکساں حقوق اور ذمہ داریاں فراہم کرنا تھا، تاہم عملی طور پر صورتحال اس کے برعکس نظر آرہی ہے۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے تمام اہلکاروں کے ساتھ بلا امتیاز اور مساوی سلوک کو یقینی بنایا جائے تاکہ فورس کے اندر ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ ماحول برقرار رہ سکے۔ تاہم اس حوالے سے پولیس کی جانب سے تاحال موقف واضح نہ ہوسکا۔

بقیہ 22

بلیز میں کہا گیا ہے کہ جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع سے تعلق رکھنے والے عوام، پارٹی کارکنوں، محنت کشوں، کسانوں، زمینداروں، ادیبوں، شاعروں، تاجروں، کاروباری طبقے، خواتین، نوجوانوں، طلبہ، اساتذہ، ڈاکٹروں، انجینئرز، وکلاء، دانشوروں، صحافیوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ افراد نے جس بھرپور انداز میں جلسہ عام میں شرکت کی، اس نے یہ ثابت کردیا کہ پشتون عوام ملی شہید عثمان خان کاکڑ کے فکر وفلسفے، ان کی سیاسی جدوجہد اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے قومی موقف سے گہری وابستگی رکھتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ قلعہ سیف اللہ کے عظیم الشان جلسہ عام نے ایک بار پھر یہ واضح کردیا کہ غیور، باشعور اور وطن دوست پشتون عوام اپنی قومی سیاسی جماعت کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں اور اپنے قومی، جمہوری اور آئینی حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم رکھتے ہیں۔ جلسے میں عوام کی بے مثال شرکت، جوش وخروش، نظم وضبط اور سیاسی شعور نے اس حقیقت کو مزید اجاگر کیا کہ پشتون قوم اپنے قومی تشخص، وسائل اور حقوق کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر متحد ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ نے اپنی پوری زندگی پشتون قومی تحریک، جمہوریت، آئین کی بالادستی، انسانی حقوق اور محکوم اقوام کے حقوق کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ وہ پشتون ملی نجات تحریک کے روح رواں اور ایک نڈر، اصولی اور عوام دوست رہنما تھے۔ انہوں نے ہر قسم کے جبر، استحصال، ناانصافی، آمریت اور قومی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والی قوتوں کے خلاف بھرپور آواز بلند کی۔ ان کی لازوال قربانی، سیاسی بصیرت، استقامت اور عوامی خدمت نے انہیں پشتون قوم کے دلوں میں ہمیشہ کے لیے امر کردیا ہے۔ قلعہ سیف اللہ کے جلسہ عام میں عوام کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر اس بات کا واضح ثبوت تھا کہ ملی شہید کے نظریات آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہیں۔ پارٹی نے اس تاریخی اعتماد، محبت اور بھرپور عوامی حمایت پر تمام عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بالخصوص پارٹی کے کارکنوں، ضلعی سیکریٹریوں، ضلعی تنظیموں، مختلف ذیلی تنظیموں، رضاکاروں اور ضلع قلعہ سیف اللہ کے ایگزیکٹو اور کارکنوں کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا، جنہوں نے اس عظیم الشان جلسہ عام اور کامیاب کانفرنس کے انعقاد کے لیے شب و روز انتھک محنت کی اور ہر سطح پر بہترین انتظامات کو یقینی بنایا۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا کہ قلعہ سیف اللہ کا یہ تاریخی اجتماع اپنی نوعیت کے اعتبار سے صوبے کی سیاسی تاریخ کا ایک منفرد، ولولہ انگیز، باشعور اور جذبہ قربانی سے سرشار عوامی اجتماع تھا، جس نے پشتون قومی سیاست میں ایک نئی روح پھونک دی ہے۔ پارٹی سمجھتی ہے کہ یہ جلسہ پشتون قومی تحریک، جمہوری جدوجہد اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی سیاسی سرگرمیوں کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور مستقبل کی جدوجہد کے لیے نئی راہیں متعین کرے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ وہ تمام قوتیں جو پشتونوں کے سیاسی، معاشی، سماجی اور قومی حقوق غصب کرنے، ان کے وسائل پر قبضہ جمانے اور انہیں اپنے ہی وطن میں محرومیوں سے دوچار رکھنے کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں، انہیں قلعہ سیف اللہ کے اس تاریخی عوامی اجتماع سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ عوام کی بھرپور شرکت نے واضح پیغام دیا ہے کہ پشتون قوم اپنے حقوق کے حصول، قومی وحدت، جمہوری اقتدار کے فروغ اور اپنے وسائل پر اختیار کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ پشتون عوام کے قومی، آئینی، جمہوری، سیاسی اور معاشی حقوق کے حصول، غیر قانونی الاٹمنٹس کے خاتمے، عوامی زمینوں کے تحفظ، تاجروں کو درپیش مشکلات کے حل، امن و امان کے قیام، بے روزگاری کے خاتمے، تعلیم وصحت کی سہولیات کی فراہمی اور مجموعی طور پر پشتون قوم کو درپیش تمام اجتماعی مسائل کے حل کے لیے اپنی سیاسی اور جمہوری جدوجہد مزید تیز کرے گی۔ پریس ریلیز کے اختتام پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے ایک مرتبہ پھر جلسہ عام میں شرکت کرنے والے تمام عوام، کارکنوں، ہمدردوں، دوستوں، سیاسی کارکنوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ عوام مستقبل میں بھی پارٹی کی قومی، جمہوری اور عوامی جدوجہد میں اسی جوش وجذبے کے ساتھ بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے #s#

بقیہ 23

پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوگیا جلوس کے راستوں میں آنے والی تمام دوکانوں، مارکیٹوں، پلازوں اور کاروباری مراکز کو سیل کیا گیا تھا۔ جلوس کی سیکورٹی کیلئے پولیس، ایف سی، بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکار تعینات تھے۔ اور کوئٹہ سمیت صوبے کے سات اضلاع میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس صبح چھ سے رات آٹھ بجے تک معطل رہے گی۔

بقیہ 24

مات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے ضلع بھر میں لکڑی، ٹمبر اور جنگلاتی پیداوار کی غیرقانونی نقل و حمل کے خلاف موثر کارروائی شروع کردی ہے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے تمام انتظامی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ضلع کے داخلی وخارجی راستوں، چیک پوسٹس اور دیگر اہم مقامات پر نگرانی مزید سخت کی جائے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ ومحکمہ جنگلات اہلکاران نے مشترکہ کارروائی کے دوران لکڑیوں سے لوڈ ٹرک تحویل میں لے کر مزید کارروائی کیلئے محکمہ جنگلات کے حوالے کردی ہے واضح رہے کہ ضلع لسبیلہ میں جنگلات کی کٹائی پر مکمل پابندی عائد ہے اور اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ نے کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کردیا ہیاور جنگلات کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

بقیہ 25

مسائل اسسٹنٹ کمشنر کے سامنے پیش کیے۔ اس موقع پر ڈی ایس پی مسلم باغ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، محکمہ صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، لوکل گورنمنٹ، زراعت اور دیگر لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر دراج کاکڑ نے عوام کے مسائل غور سے سنے اور موقع پر موجود متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ عوام نے بجلی، پانی، صحت، تعلیم، سڑکوں کی خستہ حالی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق شکایات درج کرائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے اور کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلے کم کرنا ہے تاکہ شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جاسکیں۔

بقیہ 26

کے حوالے سے ایک سنجیدہ، فکر انگیز اور حقائق پر مبنی گفتگو تھی، جسے ہر شہری تک پہنچانے کا اہتمام کیا جانا چاہیے تھا۔ تاہم اسے سنسر کرکے حکمرانوں نے اپنے عدم برداشت، فکری افلاس اور جمہوری رویوں سے محرومی کا عملی ثبوت دیا ہے۔ جمعیت علماء اسلام کے مطابق ایک ایسے معاشرے میں جہاں سنجیدہ مکالمے، دلیل اور سیاسی شعور کی اشد ضرورت ہو، وہاں حق گو آوازوں کو دبانا دراصل غیر سنجیدہ طرز سیاست، فکری آمریت اور جمہوری قدروں کی نفی کو فروغ دینا ہے۔ یہ اقدام نہ صرف پارلیمانی روایات کے منافی ہے بلکہ عوام کے حق آگاہی پر بھی براہ راست حملہ ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ قائد جمعیت نے روز اول سے ہی ان متنازعہ اسمبلیوں کے مقابل عوامی اسمبلیوں کا انعقاد کرکے واضح کردیا تھا کہ حقیقی قوت اور نمائندگی عوام کے پاس ہے، نہ کہ فارم 47 کے سہارے وجود میں آنے والے سیاسی ڈھانچوں کے پاس۔ آج انہی مخلوق سازشوں کے تسلسل میں قائد جمعیت کے خطاب کو سنسر کیا جارہا ہے تاکہ سچائی عوام تک نہ پہنچ سکے۔ جمعیت علماء اسلام نے کہا کہ یہ طرز عمل جمہوریت کے نام پر بدترین کھلواڑ، پارلیمانی آزادی اظہار پر قدغن اور عوام کو سیاسی نظام سے متنفر کرنے کی ایک مذموم کوشش ہے۔

بقیہ 27

ت پر نگرانی مزید سخت کی جائے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ ومحکمہ جنگلات اہلکاران نے مشترکہ کارروائی کے دوران لکڑیوں سے لوڈ ٹرک تحویل میں لے کر مزید کارروائی کیلئے محکمہ جنگلات کے حوالے کردی ہے واضح رہے کہ ضلع لسبیلہ میں جنگلات کی کٹائی پر مکمل پابندی عائد ہے اور اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ نے کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کردیا ہیاور جنگلات کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

بقیہ 28

مطابق حکومت بلوچستان کے محکمہ داخلہ کی ہدایات اور متعلقہ عدالتی کارروائی کی روشنی میں ضلع چمن سے تعلق رکھنے والے محکمہ شہری دفاع کے ملازمین کی حاضری اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں تمام متعلقہ ملازمین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 29 جون 2026 کو ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں حاضر ہوکر اپنی تحریری رپورٹ پیش کریں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق سرکاری احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے والے ملازمین کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے تمام متعلقہ ملازمین پر زور دیا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ اور وقت کی پابندی کرتے ہوئے سرکاری احکامات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 29

آبنائے ہرمز سے تیل بردار جہازوں کی نقل وحرکت بھی تقریباً معمول پر آچکی ہے۔ تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات پاکستان سمیت کئی ممالک میں دیکھے جارہے ہیں اور توقع کی جارہی ہے کہ مقامی سطح پر بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی آئے گی۔ عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کی بڑی وجہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کا خاتمہ اور ایران سے تیل کی فراہمی میں بہتری کو قرار دیا جارہا ہے۔ تاہم ضلع چاغی میں صورتحال اس کے برعکس نظر آرہی ہے، جہاں ایرانی پیٹرول کی قیمت میں خاطر خواہ کمی نہیں ہوئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق چاغی میں فروخت ہونے والا ایرانی پیٹرول اس وقت بعض مقامات پر پاکستانی پیٹرول سے بھی زیادہ قیمت پر فروخت ہورہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جب عالمی منڈی میں تیل سستا ہوچکا ہے اور ایران سے تیل کی ترسیل کے راستے بھی کھل گئے ہیں تو پھر ایرانی پیٹرول کی مقامی قیمتوں میں کمی کیوں نہیں آرہی۔ عوام نے متعلقہ حکام سے قیمتوں کا جائزہ لینے اور مصنوعی مہنگائی کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 30

یہ بتائے کہ یہ فیصلہ کس بنیاد پر کیا جارہا ہے اور آیا یہ اقدام حکومت خود کررہی ہے یا کسی اور کے دباؤ پر کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان عوام کی آواز کا مرکز ہوتی ہے اور وہاں کی جانے والی تقاریر کو روکنا یا ان پر قدغن لگانا جمہوری روایات کے خلاف ہے ایسے اقدامات سے جمہوری ادارے کمزور اور عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچتی ہے، حافظ منیر حسین احمد نے مطالبہ کیا کہ پارلیمانی کارروائی اور عوامی نمائندوں کی تقاریر پر غیر ضروری پابندیوں کا سلسلہ بند کیا جائے اور آزادی اظہار کے آئینی حق کا احترام یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 31

انسانیت کو ظلم کے خلاف ڈٹ جانے اور اصولوں پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتی رہیں گی۔ میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں صبر، برداشت، ایثار، قربانی اور انصاف کے قیام کے لیے جدوجہد کا سبق دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان کو بھی بے شمار سیاسی، معاشی اور سماجی چیلنجز درپیش ہیں ایسے میں کربلا کا پیغام ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ عوام کے حقوق، انصاف، جمہوریت اور وسائل پر اختیار کے لیے پرامن اور اصولی جدوجہد جاری رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، جمہوری اقدار اور قومی حقوق کی جدوجہد کو ترجیح دی ہے اور یہ جدوجہد شہدائے کربلا کے اس آفاقی پیغام سے ہم آہنگ ہے جو ظلم، جبر اور ناانصافی کے خلاف آواز بلند کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ، اہل بیتؓ اور ان کے وفادار ساتھیوں کی عظیم قربانیاں قیامت تک حق و باطل کے درمیان فرق کو واضح کرتی رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام شہدائے کربلا کی تعلیمات کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بناتے ہوئے اتحاد، رواداری، انصاف اور عوامی خدمت کے اصولوں کو فروغ دیں۔

بقیہ 32

باشندوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر کیمپ انتظامیہ کو ہدایت دی گئی کہ افغان باشندوں کے ساتھ نرمی، شائستگی اور احترام کے ساتھ پیش آیا جائے اور انہیں کسی قسم کی تکلیف یا اذیت نہ پہنچائی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ غفلت یا بدسلوکی کی صورت میں ذمہ داروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ فدا بلوچ نے کیمپ میں موجود افغان باشندوں سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات، انتظامات اور عملے کے رویے کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین ہمارے دینی بھائی اور اچھے ہمسایہ ہیں، جنہوں نے پاکستان میں طویل عرصہ گزارا اور مختلف شعبوں میں خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان باشندوں کی باعزت واپسی کے لیے ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کرنا ہماری اسلامی، انسانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 33

میں زیر سماعت مقدمہ پولیس کی مدعیت میں سب انسپکٹر ممتاز احمد ملغانی، اے ایس آئی عبداللہ باتوزئی، حوالدار اسداللہ اور حوالدار بابو کے خلاف پاکستان پینل کوڈ (PPC) کی دفعات 116، 165 اور 34 کے تحت درج کیا گیا تھا۔ مقدمہ کے اندراج کے بعد مذکورہ افسران اور اہلکاروں کو ملازمت سے بھی برخاست کردیا گیا تھا۔ کیس کی سماعت کے دوران پولیس افسران واہلکاروں کی جانب سے معروف قانون دان اکبر خان ایڈووکیٹ نے بطور وکیل صفائی پیش ہوکر دلائل دیے۔ عدالت نے فریقین کے دلائل اور ریکارڈ پر موجود شواہد کا جائزہ لینے کے بعد قرار دیا کہ استغاثہ ملزمان کے خلاف الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہا، جس کے باعث چاروں ملزمان کو عدم ثبوت کی بنیاد پر باعزت بری کردیا گیا۔ ملزمان پر الزام تھا کہ انہوں نے منشیات فروشوں کے ساتھ مل کر ان کی معاونت اور کرپشن کی ہے واضح رہے کہ دفعہ 165 پاکستان پینل کوڈ سرکاری ملازم کی جانب سے اپنے سرکاری اختیارات یا زیر سماعت معاملات سے متعلق کسی شخص سے بلامعاوضہ یا ناکافی معاوضے کے عوض قیمتی چیز حاصل کرنے سے متعلق ہے، جبکہ دفعہ 116 کسی جرم کی اعانت یا اکسانے (Abetment) سے متعلق ہے جب اصل جرم وقوع پذیر نہ ہوا ہو۔ اسی طرح دفعہ 34 مشترکہ نیت (Intention Common) کے تحت ایک سے زائد افراد کی مشترکہ کارروائی سے متعلق قانونی شق ہے۔ عدالتی فیصلے کے بعد ملزمان اور ان کے اہل خانہ نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں انصاف ملا ہے، جبکہ قانونی حلقوں میں بھی فیصلے کو اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 34

نے اپنے جاری کردہ سرکلر میں واضح کیا ہے کہ گرین بس سروس اپنے مقررہ روٹس پر معمول کے مطابق چلتی رہے گی اور شہری بلا جھجک اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی ایسی غیر مصدقہ اطلاعات پر کان نہ دھرا جائے اور صرف سرکاری ذرائع سے جاری کردہ معلومات پر اعتماد کیا جائے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ انتظامیہ اور پولیس کو بھی ہدایت جاری کی گئی ہے کہ گرین بس سروس کی بلا تعطل روانی کو یقینی بنانے کے لیے مکمل تعاون فراہم کیا جائے تاکہ شہریوں کو سفری سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سیکرٹری آر ٹی اے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہوں پر توجہ دینے کے بجائے مستند معلومات حاصل کریں اور گرین بس سروس سے حسب معمول فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ 35

سمجھ سے بالاتر ہے اگر زمینداروں کے مسائل کے حل پر توجہ نہیں دی گئی تو 10 محرم کے بعد ڈی سی آفس کے سامنے دھرنا دیں گے امریکہ اور ایران کی جنگ بند کرانے میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کے کردار کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ملین مارچ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ میں اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران کہی خالد حسین باٹھ نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بجٹ سے قبل بزنس کمیونٹی سمیت دیگر شعبوں کے نمائندوں سے ملاقاتیں کی گئیں مگر ملک کی 70 فیصد ضروریات کو پورا کرنے والے کسانوں کو نظرانداز کیا گیا گزشتہ تین سال سے کسان سے ان کی مشکلات اور مسائل کے بارے میں کچھ پوچھا تک نہیں گیا اور انہیں ناقص بیج سے جو نقصان ہوا ہے اس کا بھی ازالہ نہیں کیا گیا حالانکہ حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ بجٹ میں غیر آباد زمین کو آباد کرنے کے لئے ڈیمز کی تعمیر کے لئے فنڈ زرکھتی اور زمینوں کو آباد کرکے زراعت کے شعبے کو مضبوط بناتے کیونکہ زرعی شعبہ تین سے 6 ماہ میں اپنی فصل کی پیداوار سے حکومت کو فائدہ دیتا لیکن اس طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی جس کی وجہ سے کسانوں کو بہت نقصان ہوا ہے اسی طرح بجٹ میں کسانوں کیلئے صرف 4.4 ارب روپے رکھے گئے ہیں جو ناکافی ہیں بلوچستان میں اگر صرف کسانوں کو بجٹ میں نوازا جاتا تو یہاں پر حالات مختلف ہوتے ہم گزشتہ 2 سال سے شور مچارہے ہیں کہ زمینداروں سے گندم خریدی جائے لیکن ایسا نہیں کیا گیا کسان نے اپنے گھروں میں گندم ذخیرہ کی ہے کسانوں کے گھروں پر چھاپوں اور مقدمات درج کرنے کے خلاف محرم الحرام کے بعد ڈی سی آفس کے سامنے دھرنا دیں گے انہوں نے ایران اور امریکہ کے درمیان پاکستان کے بھرپور ثالثی کے کردار کو سراہتے ہوئے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرنے کیلئے ایک ملین مارچ کیا جائے گا پاکستان اور بلوچستان کی ترقی کا واحد حل زراعت کی ترقی میں ہے بلوچستان میں امن امان کی صورتحال خراب ہے اس لئے زرعی شعبے کی ترقی پر توجہ دی انہوں نے کہا کہ پاکستان نے جس طرح اپنے سے 10 گنا بڑے انڈیا کو جس طرح شکست دی اور ان کے رافیل کو جس پر ناز کررہا تھا ہم نے ایسے گرائے جیسے چڑیا کو گرایا جاتا ہے، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بازئی قبائل سے متعلق ان پر لگائے گئے الزامات کے حوالے سے بتایا کہ میرے بازئی قبائل سے اچھے تعلقات ہیں، منگلہ والوں سے میری کوئی دشمنی نہیں میری گاڑیاں وہاں پر نہیں ہے جبکہ وہاں پر مازی گاڑی والوں کی گاڑیاں ہیں اور میں نے کسی کی زمین پر کوئی قبضہ نہیں کیا اور نہ ہی کسی کو زمین سے بے دخل کیا ہے کیونکہ میں نے زمین کے لئے 10 کروڑ روپے دیے ہیں جس کے تمام شواہد میرے پاس موجود ہیں اس طرح کے الزامات سے میری ساکھ کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف میں قانونی چارہ جوئی کرونگا

بقیہ 36

قانون میں ڈاکٹر آف فلاسفی (پی ایچ ڈی) کی ڈگری کامیابی کے ساتھ مکمل کرلی ہے۔ مقررہ وقت میں کرمنل لاء میں پی ایچ ڈی ڈگری کی تکمیل پر میزبان یونیورسٹی نے انہیں "گریجویٹ آن ٹائم" کے اعزاز سے نوازا۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور فیکلٹی آف لاء کے ڈین ڈاکٹر مظفر حسین سمیت پوری یونیورسٹی کمیونٹی نے ڈاکٹر نسیم جان کو اس شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ 37

، پیمانوں اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے پمپ مالکان کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی فروخت سرکاری نرخ نامے کے مطابق یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے یا حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پیمانوں کی جانچ پڑتال بھی کی اور صارفین کو مکمل مقدار میں پٹرول وڈیزل کی فراہمی پر زور دیا۔ معائنے کے دوران متعدد پٹرول پمپس کو سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد نہ کرنے پر سیل کردیا گیا جبکہ کئی پمپ مالکان پر جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ عزیز اللہ کاکڑ نے کہا کہ عوامی مفادات کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور معیار کے حوالے سے کسی قسم کی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 38

2004 میں اس منصوبے کے لیے لیز حاصل کی تھی۔ طویل عرصے پر محیط ریسرچ، ایکسپلوریشن اور تیاری کے مراحل کے بعد اب جا کر اس منصوبے سے پیداوار شروع ہوئی ہے، جس کے تحت بیرائٹ سمیت اہم صنعتی خام دھاتیں بڑے پیمانے پر نکالی جائیں گی۔ کمپنی کے مطابق نومبر 2025 میں معاہدے میں ایک اہم ترمیم کی گئی تھی جس کے تحت بلوچستان حکومت کو بھی اس منصوبے میں حصہ دار بنایا گیا، تاکہ مقامی سطح پر معاشی فوائد کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ پراجیکٹ کی تکنیکی نگرانی اور انتظامی معاونت جرمنی کی معروف کمپنی (جی ایم ٹی گروپ) کے سپرد کی گئی ہے، جو کان کنی اور معدنی منصوبوں کی کنسلٹنسی میں عالمی سطح پر کام کرتی ہے۔ پی پی ایل نے بتایا کہ اس منصوبے سے بلوچستان کے اضلاع خضدار اور توتکی میں نہ صرف معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ علاقے میں بیرائٹ، سیسہ اور جست کے بڑے ذخائر موجود ہیں، جنہیں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نکالا جارہا ہے۔ ماہرین کے مطابق اس منصوبے کی مکمل پیداوار اور برآمدات شروع ہونے کے بعد پاکستان کی معدنی برآمدات میں اضافہ متوقع ہے، جبکہ مقامی انفراسٹرکچر اور علاقائی ترقی پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ پی پی ایل نے اس پیش رفت کو پاکستان کے معدنی شعبے میں ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کمپنی ملکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے توانائی اور صنعتی ترقی میں اپنا کردار جاری رکھے گی

بقیہ 39

میں تیل کی ذخیرہ اندوزی اور پٹرول وڈیزل کی مہنگے داموں فروخت سے متعلق عوامی شکایات موصول ہونے کے بعد کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پیر کے روز اسسٹنٹ کمشنر تربت کی سربراہی میں ایک ٹیم نے جوسک منڈی میں چھاپہ مارا جہاں سرکاری سطح پر رجسٹریشن نہ کرانے والے متعدد آئل ڈپوز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ تمام ڈپوز مالکان کو رجسٹریشن کرانے کے لیے پیشگی ہدایات اور مہلت دی گئی تھی تاہم مقررہ مدت گزرنے کے باوجود عملدرآمد نہ ہونے پر قانونی کارروائی کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر تربت نے کہا کہ تیل کی ذخیرہ اندوزی اور غیر سرکاری نرخوں پر پٹرول وڈیزل کی فروخت سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا تھا جب کہ اس صورت حال سے پٹرول پمپ مالکان بھی متاثر ہورہے تھے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے تحفظ اور قیمتوں میں استحکام کے لیے ایسی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 40

سیف اللہ زہری اور امداد مروئی نے سنبھالا پروگرام کے روح رواں بولان مائننگ انٹرپرائزز کے آپریشنز منیجر محمد ندیم نے ادارے کی 50 سالہ تاریخ کو ایسے کھولا جیسے کوئی پرانا خزانہ کامیابیوں کے باب سے ہوتے ہوئے انہوں نے مستقبل کے خوابوں کا نقشہ بھی حاضرین کے سامنے رکھ دیا ان کی آواز میں وہ عزم تھا جو پہاڑوں سے بھی ٹکرا جائیت۔ تقریب کی رونق کو چار چاند لگانے سینئر آفیسر عبدالباقی رند یونین صدر عبدالغنی لنگو کی شرکت نے محفل کو وہ وقار بخشا جو الفاظ سے ماورا ہوتا ہے بال میں بی ایم ای کے افسران محنتی ملازمین اور معزز مہمان ایک ہی دھڑکن بن کر بیٹھے تھے 50 سالہ گولڈن جوبلی کے لیے لونگ سروس ایوارڈز نے امر کردیا وہ نام جو سالوں سے خاموشی سے ادارے کی بنیاد مضبوط کررہے تھے آج تالیوں کے بارش کے کڑے تصویر ایوارڈ کے ساتھ ایک قصہ تھا ہر تالی کے ساتھ ایک دعا تھی انتظامیہ نے ان ہاتھوں کو سلام کیا جنہوں نے بی ایم ای کو مٹی سے آسمان تک پہنچایا بی ایم ای کی نصف صدی مکمل ہونے پر دلوں سے مبارکباد نکلی اور دعائیں آسمان کو چھونے لگیں سب کی ایک ہی آرزو تھی کہ یہ ادارہ ترقی کی سیڑھیاں ایسے ہی چڑھتا رہے گولڈن جوبلی کی دن کو اسپورٹس کے رنگوں نے اور نکھار دیا کرکٹ کی پچ پر جوش تھا شوٹ پٹ کے گولے میں طاقت بول رہی تھی رسہ کشی میں اتحاد کی زنجیر کھنچ رہی تھی دوڑ کے ٹریک پر عمر کی قید ٹوٹ گئی نوجوان بھی تھے اور بزرگ بھی افسران نے بھی گراؤنڈ میں قدم رکھ کر ثابت کردیا کہ قیادت صرف میز سے نہیں میدان سے ہوتی ہے کھیل صرف مقابلہ نہ تھا یہ بھائی چارے کا اعلان تھا یہ ٹیم ورک کا سبق تھا یہ اتحاد کا جشن تصویر شعبے کے لوگ ایک پلیٹ فارم پر جمع تھے ہار جیت سے بڑھ کر عزت جیت رہی تھی شرکاء کے چہروں پر خوشی کی وہ چمک تھی جو کسی کیمرے میں قید نہیں ہوسکتی سب نے یک زبان ہوکر اس پروگرام کو بے مثال قرار دیا یہ دن صرف تاریخ کا ایک صفحہ نہیں تھا یہ بی ایم ای کے ماضی کا آئینہ اور مستقبل کا منشور تھا یہ دن جو خضدار کی سرزمین پر امر ہوگیا ایسا جشن جس نے ثابت کردیا کہ محنت کی عمر اور لگن کی نہیں ہوتی بی ایم ای نے پچاس برس میں جو مقام پایا ہے گولڈن جوبلی پروگرام کے آخر میں بی ایم ای کے آپریشنز منیجر محمد ندیم نے بہترین کارکردگی پر تمام اسٹاف کو بطور سرٹیفکیٹ شیلڈ اور کیش انعامات سے نوازا گیا۔

بقیہ 41

یک سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان تاریخی پروگراموں نے نہ صرف پارٹی کی تنظیمی قوت اور عوامی حمایت کا بھرپور اظہار کیا بلکہ یہ بھی ثابت کیا کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی فکر، جدوجہد اور قومی سیاسی وژن آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کے عہدیداروں اور کارکنوں، بالخصوص ضلع قلعہ سیف اللہ کے ذمہ داران، کارکنوں اور نوجوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، جنہوں نے شب و روز محنت کرتے ہوئے ایک ایسا شاندار، منظم، پُرجوش اور ولولہ انگیز جلسہ منعقد کیا جس کی مثال ماضی قریب میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ کارکنوں نے انتہائی محدود وسائل کے باوجود جس نظم وضبط، سیاسی شعور اور قومی جذبے کا مظاہرہ کیا، وہ قابل ستائش اور پارٹی کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن سردار اللہ یار خان جوگیزی کی جانب سے اپنی رہائش گاہ، جوگیزی ہاؤس، میں ضلع قلعہ سیف اللہ کے 21 جون کو منعقد ہونے والے تاریخی ضلعی کانفرنس اور ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی شہادت کی پانچویں برسی کے سلسلے میں منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام کے منتظمین اور کارکنوں کے اعزاز میں دیے گئے

58 سالہ محمد وسیم کا تعلق کراچی سے تھا انہیں رواں سال 20 مئی کو ایک ساتھی سمیت اغواء کیا گیا تھا

قلات، اغوا ہونے والے اے ایس ایف کے ڈپٹی ڈائریکٹر کی تشدد زدہ لاش برآمد

واقعے کے بعد ان کی بازیابی کے لیے سیکیورٹی فورسز نے کئی آپریشن کیے لیکن ان کی بازیابی ممکن نہ ہو سکی م

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلات سے اغوا ہونے والے ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) کے ڈپٹی ڈائریکٹر کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی ہے۔ 58 سالہ محمد وسیم کا تعلق کراچی سے تھا۔ انہیں رواں سال 20 مئی کو ایک ساتھی سمیت اغواء کیا گیا تھا۔ دونوں مغویوں کو قلات سے تقریباً 40 کلومیٹر دور محمد تاوہ سے اس وقت نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کر لیا تھا جب وہ کوئٹہ سے کراچی جا رہے تھے۔ واقعے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 15)

گوادر پورٹ کی فعالیت میں اضافے کیلئے اہم پیش رفت

آرڈر کے تحت باقاعدہ اور شفاف آپریشنل طریقہ کار وضع کر دیا گیا ہے

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ، سرحدی تجارت کی بہتری اور گوادر پورٹ کی فعالیت میں اضافے کے لیے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ وفاقی حکومت کے ادارے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ایران کے لیے اور ایران سے آنے والے کارگو کی نقل وحمل، ٹرانزٹ اور کراس اسٹفنگ سے متعلق کسٹم جنرل آرڈر نمبر 05 آف 2026 جاری کر دیا ہے، جس کے تحت باقاعدہ اور شفاف آپریشنل طریقہ کار وضع کر دیا گیا ہے۔ جاری کردہ حکم نامے کے مطابق ایران کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 16)

باب نال سے سی پیک تک سڑک کے منصوبے پر بیزن پور کے علاقے میں تعمیراتی کام مکمل کرلیا گیا

نال (آن لائن) باب نال سے سی پیک تک سڑک کے منصوبے پر بیزن پور کے علاقے میں تعمیراتی کام مکمل کرلیا گیا ہے، تاہم باقی ماندہ حصہ ابھی تک زیر تعمیر ہے۔ ذرائع کے مطابق اس حصے کا ٹھیکہ مبینہ طور پر ٹھیکیدار سی پیک ٹو اسد مارکیٹ کے ٹھیکیدار کو دیا گیا ہے، جس پر عوامی حلقوں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 14)

بلوچستان چیک پوسٹوں پر شہریوں کو گھنٹوں انتظار، عوامی تذلیل ناقابل قبول ہے، مولانا ہدایت الرحمن

سیکیورٹی اور عوامی سہولت میں توازن ضروری، حکومت فوری مربوط نظام متعارف کرائے: رکن صوبائی اسمبلی کا مطالبہ

سیکیورٹی کے تقاضے اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن عوام کی عزت، جان اور وقت کا تحفظ بھی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں مختلف چیک پوسٹوں پر عوام، مسافروں، خواتین، بزرگوں اور مریضوں کو گھنٹوں بلاوجہ روکنا، ان کی تذلیل کرنا اور شدید ذہنی و جسمانی اذیت میں مبتلا کرنا بدترین ظلم، ناانصافی اور انتظامی ناکامی ہے۔ ریاستی اداروں اور حکومت کی ذمہ داری عوام کو سہولت، تحفظ اور عزت فراہم کرنا ہے، مگر افسوس کہ انہیں سہولت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان ایرانی وزیر ٹرانسپورٹ فرزانہ صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

اور ماڑہ میں موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے 1 شخص ہلاک

دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں

نعش ضروری کارروائی کے بعد مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی انتظامیہ کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے اور ماڑہ میں موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے اور ماڑہ میں محلہ غازی لائن میں رہائش پذیر سید (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 11)

اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کی زیر صدارت اہم اجلاس

شہر میں جاری لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کم از کم ایک گھنٹے کی کمی کی جائے

گوادر/پسنی (خ ن) عوام کو بجلی کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے درپیش مشکلات کے تدارک کے لیے اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کیسکو حکام، تاجر برادری، سیاسی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 10)

عاشورہ کے جلوس کی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، ڈی آئی جی عمران شوکت

سیکورٹی انتظامات کے تحت موبائل سروس معطل رہے گی، ڈی آئی جی کوئٹہ

داخلی اور خارجی راستوں پر بھی سیکورٹی کے موثر اقدامات کئے گئے ہیں تمام مارکیٹیں اور دوکانیں سیل کردی گئی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ عاشورہ کے جلوس کی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں اور سیکورٹی انتظامات کے تحت موبائل سروس معطل رہے گی۔ دسویں محرم الحرام کے مرکزی ماتمی جلوس کی سیکورٹی انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے دسویں محرم الحرام کے لئے سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے ہیں جلوس کی سیکورٹی پر پولیس اور ایف سی کی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 1)

نوابزادہ لشکری رئیسانی کی رابطہ مہم کو مختلف شخصیات کی وسیع حمایت حاصل

صوبے کے بحرانوں کے حل کیلئے سیاسی و سماجی حلقوں کی بڑی تعداد کی مہم کی تائید کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) ڈھاڈر، تربت، کوئٹہ، اوستہ محمد اور جیک آباد کی اہم شخصیات، سادات، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی کارکنوں اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے بلوچستان کو درپیش بحرانوں میں کمی لانے کیلئے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی صوبے میں رابطہ مہم کی تائید اور حمایت کا اعلان کیا ہے۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کے ترجمان حبیب اللہ رئیسانی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی صوبے میں رابطہ مہم کے اعلان کی تائید اور حما (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 2)

آل سندھ بلوچستان شہید ولید صالح بلوچ کرکٹ ٹورنامنٹ کی شاندار ٹرافی رونمائی تقریب

خضدار (آن لائن) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام مجھالاوان کمپلیکس ساراوان کرکٹ گراونڈ خضدار میں منعقد ہونے والے عظیم الشان آل سندھ بلوچستان شہید ولید صالح بلوچ کرکٹ ٹورنامنٹ کی ٹرافی کی پروقار اور رنگارنگ تقریب رونمائی خضدار پریس کلب میں منعقد ہو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 12)

مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کیے جائیں، جمعیت نظریاتی

طاقت کے استعمال سے صورتحال مزید خراب ہوتی جا رہی ہے جان بوجھ کر منفی بیانیہ سے انتشار اور خلفشار پیدا کیا جا رہا ہے

حکومتی پالیسیوں نے ملک کو بحران کی طرف دھکیل دیا جبر اور منفی بیانیہ سے حالات مزید بگڑ رہے ہیں، پارلیمنٹ کا کردار محدود ہو گیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈوکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، واشک میں جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، ایم پی اے وخادم واشک حاجی زابد علی ریکی حاجی منیر احمد محمد حسنی کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عثمان کاکڑ کی شہادت کی پانچویں برسی کے موقع پر منعقد ہونے والا عظیم الشان، فقید المثال اور تاریخی جلسہ

پشتون قومی حقوق، جمہوریت، آئین کی بالادستی، پارلیمانی سیاست اور محکوم اقوام کے حقوق کیلئے وقف کر رکھی تھی مقررین

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی والا عظیم الشان، فقید المثال اور تاریخی جلسہ عام اور ضلع قلعہ سیف اللہ کا کامیاب ضلعی کانفرنس اس خطے کے عوام، پارٹی کارکنوں اور پشتون قومی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 4)

اسسٹنٹ کمشنر صدر اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی کا نویں اور دسویں محرم الحرام کے جلسوں کے روٹس کا معائنہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد امیر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 8)

پشتونخوا ایپ کا کربلا کے عظیم شہداء کو ان کی لازوال قربانیوں پر زبردست خراج عقیدت پیش

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 9)

سرکاری بھرتیوں پر اقرباپروری کے الزامات، ایپ کا تحقیقات کا مطالبہ

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 5)

اقبال آفریدی کی رکنیت معطل، پارٹی سے اخراج کی سفارش

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 6)

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 7)

کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن کا رکھنی بائی پاس منصوبے کا دورہ

منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے کام کی رفتار مزید تیز کی جائے

تعمیراتی معیار، شفافیت اور انجینئرنگ اصولوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن رکھنی، مجیب الرحمن قمبرانی نے کوہلو، بارکھان، رکھنی شاہراہ اور رکھنی بائی پاس منصوبے کا دورہ کرکے جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر ظفر علی کھوسہ نے منصوبے کی پیش رفت، مکمل شدہ کام اور آئندہ مراحل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران ذرغون کنسٹرکشن کے ٹھیکیدار لالہ جمیل احمد خان، آغا کنسٹرکشن کے مالک نجیب آغا اور متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 18)

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 17)

2 ملزمان گرفتار

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

پشتونخوا ایپ کا عثمان کاکڑ کی برسی پر قلعہ سیف اللہ جلسہ تاریخی، عوام کی بھرپور شرکت پر اظہار تشکر

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)



کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، بلوچستان صراف ایسوسی ایشن کے سردار علی رضا، عارف حسین، ایس ایچ او عبدالحئی اور دیگر کی نگرانی میں عاشورہ کے جلوس کے راستوں میں آنیوالی دوکانوں کو سیل کیا جا رہا ہے

صوبہ بھر میں ہر قسم کی جنگلاتی لکڑی کی پیداوار کی نقل وحمل پر پابندی عائد

ترسیل، برداری اور ٹرانزٹ پر 90 روز کے لیے مکمل پابندی عائد کر دی گئی

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان، محکمہ داخلہ کے جاری کردہ احکامات کے مطابق صوبہ بھر میں ہر قسم کی جنگلاتی لکڑی کی پیداوار کی نقل وحمل، ترسیل، برداری اور ٹرانزٹ پر 90 روز کے لیے مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ لسبیلہ نے حکومت بلوچستان کیا احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے ضلع بھر میں لکڑی، ٹمبر اور جنگلاتی پیداوار کی غیر قانونی نقل وحمل کے خلاف مؤثر کارروائی شروع کر دی ہے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے تمام انتظامی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ضلع کے داخلی وخارجی راستوں، چیک پوسٹس اور دیگر اہم مقاما (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 27)

قائد جمعیت کی تقریر محض ایک سیاسی خطاب نہیں، جمعیت بلوچستان

اظہار پر قدغن اور عوام کو سیاسی نظام سے متنفر کرنے کی ایک مذموم کوشش ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان نے قائد جمعیت کے پارلیمان میں کیے گئے تاریخی اور مدلل خطاب کو بدنیتی پرمبنی انداز میں سنسر کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام اس حقیقت کی ایک اور واضح توثیق ہے کہ موجودہ اسمبلی عوامی مینڈیٹ کی حقیقی نمائندہ نہیں بلکہ ایک مسلط شدہ بندوبست کا تسلسل ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ قائد جمعیت کی تقریر محض ایک سیاسی خطاب نہیں بلکہ قومی مسائل، جمہوری اقدار اور عوامی حقوق (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

کربلا قربانی اور انصاف کے قیام کیلئے جدوجہد کا سبق دیتا ہے، نیشنل پارٹی

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

ڈی سی چمن کی تقریر، شہری دفاع (سول ڈیفنس) کے تمام ملازمین کو ہدایت جاری

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

پارلیمان عوام کی آواز کا مرکز ہوتی ہے، منیر حسین

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

امریکہ ایران معاہدے کے بعد بھی چاغی میں ایرانی پیٹرول مہنگا، مقامی صارفین پریشان

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا شبیہ ذوالجناح کا ماتمی جلوس برآمد ہوا

(صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 23)

جنگلات کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، لسبیلہ ضلعی انتظامیہ

جاری کردہ احکامات کے مطابق صوبہ بھر میں ہر قسم کی جنگلاتی لکڑی کی پیداوار کی نقل وحمل، ترسیل، برداری اور ٹرانزٹ پر 90 روز کے لیے مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ لسبیلہ نے حکومت بلوچستان کیا حکا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

لاہور، محمد وطالبورڈ کے وفد کا محکمہ داخلہ پنجاب کے مرکزی کنٹرول روم کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

مسلم باغ میں اسسٹنٹ کمشنر دراج کاکڑ کی زیر صدارت کھلی کچہری

انتظامیہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

مسلم باغ (خ ن) مسلم باغ میں اسسٹنٹ کمشنر دراج کاکڑ کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

بی پی ایل کے تحت سیسہ، جست اور بیرائٹ کی پیداوار شروع، خضدار و توتکنڈی میں ترقی کی نئی امیدیں

بلوچستان کے بیرائٹ پراجیکٹ سے معدنی پیداوار کا آغاز، 22 سالہ معاہدہ ثمر آور ہو گیا

معدنی شعبے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں 22 سال قبل طے پانے والا معاہدہ بالآخر عملی شکل اختیار کر گیا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے معدنی شعبے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں 22 سال قبل طے پانے والا معاہدہ بالآخر عملی شکل اختیار کر گیا ہے۔ بلوچستان میں واقع بیرائٹ پراجیکٹ سے بیرائٹ، سیسہ اور جست (زنک) کی باقاعدہ پیداوار کا آغاز کر دیا گیا ہے، جسے ملکی معدنی صنعت کے لیے ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے مطابق کمپنی نے سال (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 38)

کوئٹہ، بلوچستان صراف ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سردار علی رضا کا ایس ایچ او عبدالحئی، عارف حسین اور دیگر کی نگرانی میں عاشورہ کے جلوس کے راستوں میں آنیوالی دوکانوں کو سیل کرنے کے بعد گروپ فوٹو

تربت میں غیر رجسٹرڈ آئل ڈپوز کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر کی کارروائی

رجسٹریشن نہ کرانے والے متعدد آئل ڈپوز کے خلاف کارروائی کی گئی نعمان منیر

تربت (خ ن) تربت میں غیر رجسٹرڈ آئل ڈپوز کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر نعمان منیر کی کارروائی، 20 کے قریب ڈپوز سیل کر دیے گئے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نعمان منیر کی سربراہی میں انتظامیہ نے شہر میں غیر رجسٹرڈ آئل ڈپوز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بیس کے قریب ڈپوز کو سیل کر دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نعمان منیر کے مطابق تربت شہر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 39)

محمد ندیم کے سربراہی میں بی ایم ای کے 50 سالہ گولڈن جوبلی مکمل ہونے پر کیک کاٹا گیا

خضدار (آن لائن) خضدار بولان مائننگ انٹرپرائز کے آپریشنز منیجر محمد ندیم کے سربراہی میں منعقد ہونے والے بی ایم ای کے 50 سال گولڈن جوبلی مکمل ہونے پر کیک کاٹا گیا تو محکمہ کے تمام اسٹاف حاضرین مجلس اور شرکاء محفل نے تالیاں بجا کر خوشی کا اظہار کیا پروگرام کے آغاز سید مصطفیٰ شاہ کے تلاوت کلام سے پاک شروع ہوا پروگرام کیا سٹیج سیکرٹری کے منصب ڈا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 40)

اسسٹنٹ کمشنر سٹی چمن عزیز اللہ کاکڑ کا شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سٹی چمن عزیز اللہ کاکڑ نے شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 37)

جامعہ تربت کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر نسیم جان نے ملائیشیا سے پی ایچ ڈی مکمل کر لی

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ لاء کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر نسیم جان نے نیشنل یونیورسٹی آف ملائیشیا سے فوجداری (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 36)

زرعی بجٹ میں 4 ارب روپے ناکافی، کسان اتحاد کا احتجاج اور دھرنے کی دھمکی

کسانوں کے مسائل نظرانداز کرنے پر شدید تنقید، زرعی شعبے میں اصلاحات کا مطالبہ

مقدمات درج کرنے کے خلاف محرم الحرام کے بعد ڈی سی آفس کے سامنے دھرنا دیں گے

کوئٹہ (آن لائن) کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بجٹ میں ملک بھر کے کسانوں کے لئے 4 ارب روپے مختص کرنے کو اونٹ کے منہ میں زیرہ دینے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ 70 فیصد زراعت سے ملک کی ضروریات پوری ہو رہی ہے لیکن اس شعبے کو نظر انداز کرنا وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 35)

سیکرٹری آر ٹی اے کی سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ان خبروں کی سختی سے تردید

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (RTA) کوئٹہ ڈویژن نعمت اللہ ترین نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ان خبروں کی سختی سے تردید کی ہے جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ 25 اور 26 جون کو گرین بس سروس مکمل طور پر معطل رہے گی۔ سیکرٹری آر ٹی اے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

فدا بلوچ کا پاک افغان سرحد پر قائم افغان وو ہولڈنگ کیمپ کا دورہ

افغان مہاجرین ہمارے دینی بھائی اور اچھے ہمسایہ ہیں، اے ڈی سی چمن

چمن (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (اے ڈی سی) چمن فدا بلوچ نے پاک افغان سرحد پر قائم افغان وو ہولڈنگ کیمپ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے نادرا ڈیٹا بیس سنٹر کا معائنہ کیا اور افغان باشندوں کی رجسٹریشن، دستاویزی ریکارڈ اور ڈیٹا اندراج کے عمل کا جائزہ لیا۔ اے ڈی سی چمن نے نادرا کے افسران اور اہلکاروں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ افغان باشندوں کی رجسٹریشن اور دستاویزی کارروائی کو زیادہ سے زیادہ سہل بنایا جائے اور تمام ریکارڈ کو جلد از جلد سسٹم میں درج کیا جائے تاکہ عمل بروقت مکمل ہو سکے۔ انہوں نے کیمپ میں مقیم افغان (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

لورالائی سیشن کورٹ سے چار پولیس افسران و اہلکار عدم ثبوت کی بنیاد پر باعزت بری

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی سیشن کورٹ سے چار پولیس افسران و اہلکار عدم ثبوت کی بنیاد پر باعزت بری لورالائی سیشن کورٹ نے مقدمہ فرد نمبر 2025/335 میں نامزد چار پولیس افسران و اہلکاروں کو عدم ثبوت کی بنیاد پر باعزت بری کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ عد (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

کوئٹہ، شیعہ کانفرنس کے صدر عاشق حسین کی قیادت میں نویں محرم الحرام کا ماتمی جلوس میکانگی روڈ سے گزر رہا ہے

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com